मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

منتظمہ وحکمرانی

5/اکتوبر 2016

نمبر: مانو/صیغۂ منتظمہ وحکمرانی/مسل 64/2016-17/241

گشتی

موضوع: مانو۔ منتظمہ وحکمرانی۔ بینک میں کھاتہ کی کشادگی اور بینک اکاؤنٹ ڈاٹا بیس کی تیاری - کی بابت

حوالہ: وائس چانسلر کی منظوری مورخہ 4/اکتوبر 2016۔

یونیورسٹی ہیڈکوارٹر اور بیرون کیمپس میں واقع تمام شعبوں/صیغوں/ دفاتر/ مراکز/ اداروں وغیرہ کو منظوری دی جاتی ہے کہ وہ بالترتیب انڈین اوورسیز بینک، مانو کیمپس یا کسی بھی قومیائے ہوئے بینک میں سیونگ اکاؤنٹ کھولیں۔ یہ کھاتہ صدر/ انچارج کے نام ہونے چاہئیں جن کے نام امپریسٹ یا دفتری اخراجات کے فنڈس جاری کیے جاتے ہیں۔

ابتدائی ڈپازٹ رقم امپریسٹ/ ہنگامی فنڈ سے لی جاسکتی ہے۔

شعبوں/صیغوں/ دفاتر/ مراکز/ اداروں کے صدور/ انچارج ان کھاتوں کے ذمہ دار ہوں گے۔ ازروئے قواعد وہ کیش بک اور بینک تختہ جیسے امور کا ریکارڈ بھی رکھیں گے۔ مالی سال کی ہر سہ ماہی کے اختتام پر اگلے ماہ کی 5 تاریخ تک کھاتہ سے متعلق تفصیلات صیغۂ مالیہ وحسابات کو فراہم کی جائیں۔ وقتاً فوقتاً کھاتہ پر حاصل ہونے والا سود صیغۂ مالیہ کو منتقل کرنا ہوگا۔

اس کے علاوہ بینک کھاتہ ڈیٹا بیس کی تیاری کے لیے بینک کا نام، شاخ، کھاتہ نمبر، برانچ کوڈ، آئی ایف ایس سی کوڈ، ایم آئی سی آر کوڈ، کھاتہ دار کا نام وعہدہ، ادارہ کا نام وغیرہ صیغہ منتظمہ وحکمرانی کو فوری روانہ کیے جائیں۔

دستخط

معاون رجسٹرار

بملاحظہ:

تمام ڈین اسکول آف اسٹڈیز
تمام صدور شعبہ جات (تدریسی)/ مراکز/ نظامت فاصلاتی تعلیم
تمام صدور صیغہ جات/ انچارج (غیر تدریسی)
تمام صدور/ انچارج برائے علاقائی مراکز/ ذیلی علاقائی مراکز
کالج برائے تدریس اساتذہ، آئی ٹی آئی/ پالی ٹیکنیک، ماڈل اسکولس وغیرہ

نقل برائے:

1. دفاتر وائس چانسلر/ رجسٹرار/ افسر مالیہ
2. ڈائرکٹر، سی آئی ٹی ....ویب سائٹ کے لیے
3. متعلقہ مسل

گچی باؤلی، حیدرآباد - 032 500، تلنگانہ، ہندوستان۔ منتظمہ وحکمرانی: ٹیلی فیکس:23006609، ای میل:manuuang@gmail.com
www.manuu.ac.in :ویب سائٹ ۔ MANUU EPABX: 2300 6612, 13, 14, 15